OIL & GAS REGULATORY AUTHORITY (OGRA)

CNG گاڑیوں کے مالکان متوجہ ہوں

اطلاع عام

سی این جی نہایت دباؤ والی گیس ہے جس کیلئے مخصوص ساخت اور بے جوڑ بناوٹ والے سلنڈر جو کہ مُروجہ معیار این زیڈ ایس ۱۹۸۹-۵۴۵۴ (NZS-5454-1989) کے تحت گاڑیوں میں استعمال کرنے کیلئے تیار کیے جاتے ہیں۔ صرف اوگرا کے منظور کردہ قابلِ معیاد لائسنس شدہ / سی این جی اسٹیشن ہی اپنی متعلقہ ورکشاپس پر سی این جی کٹس و دیگر پُرزہ جات گاڑیوں میں لگانے کے مجاز ہیں۔ عوام الناس کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ اپنی گاڑیوں میں صرف اوگرا کے منظور کردہ نئے درآمد شدہ سی این جی سلنڈر مجاز ورکشاپس سے ہی لگوائیں۔

لہذا تمام گاڑیوں کے مالکان کو ان کے اپنے مفاد میں اور حفاظت کیلئے اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ لازمی طور پر

a) صرف (NZS-5454-1989) کے معیار پر بنائے گئے منظور شدہ، درآمد شدہ اور برانڈ نیو سیم لیس CNG سلنڈرز ہی استعمال کریں اور بااختیار / لائسنس یافتہ CNG اسٹیشنز سے انہیں خریدنے / تنصیب کرانے سے قبل ان کے اصلی ہونے اور فٹنس کے بارے میں یقین کرلیں۔

b) LPG، Oxygen، Nitrogen، Acetylene سلنڈرز CNG کے لئے استعمال نہیں کیے جاتے لہذا ایسے سلنڈر CNG کیلئے ہرگز استعمال نہ کریں کیونکہ یہ سلنڈرز CNG کا 200 بارز کا پریشر برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے لہذا ایسا کرنے سے یہ پھٹ سکتے ہیں جس سے قیمتی جانی اور مالی نقصان ہوسکتا ہے۔

c) گاڑی میں کسی بھی صورت میں سڑکوں پر قائم غیر قانونی / بے اختیار دکاندار / ورکشاپ سے CNG کٹ / سلنڈر کی تنصیب نہ کرائیں۔

d) کبھی بھی ایسا سلنڈر استعمال نہ کریں جو میل اور فی میل تھریڈز کی طرح دو (2) آدھے حصوں کو جوڑ کر یا ویلڈنگ کر کے بنائے گئے ہوں کیونکہ CNG کیلئے صرف سیم لیس وہیکل سلنڈرز ہی استعمال کیے جاتے ہیں۔

e) کبھی بھی ایسا استعمال شدہ سلنڈر نہ استعمال کریں جو ہنگاموں یا دہشت گردی کے نتیجے میں جلائے گئے ہوں یا جنہیں نقصان پہنچا ہو۔ اس قسم کے سلنڈر کمزور ہو جاتے ہیں جن کے استعمال سے شدید حادثوں کا امکان ہے جن کے نتیجے میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوسکتا ہے۔

f) کسی بھی صورت میں اجازت دیئے گئے زیادہ سے زیادہ 200 بارز کے پریشر سے زیادہ پر گیس بھرنے کیلئے نہ کہیں۔ اگر کوئی CNG اسٹیشن اس سے زیادہ پریشر سے CNG بھرتا ہوا پایا جائے تو فوری طور پر OGRA کو آگاہ کیا جائے تاکہ تحفظ عامہ کیلئے ایسے اسٹیشن کے خلاف سخت کاروائی کی جاسکے۔

g) تحفظ عامہ اور آپ کے اپنے تحفظ کے لئے گیس بھرتے وقت وہیکل سلینڈرز کے معائنے کے سلسلے میں CNG اسٹیشن کے ری فیولنگ اسٹاف سے تعاون کریں۔

h) گاڑی کو CNG میں تبدیل کرنے کے بعد CNG لائسنس یافتہ سے CNG سلنڈر کا ٹیسٹ سرٹیفیکیٹ حاصل کریں۔

i) CNG سسٹم کے محفوظ عمل کو یقینی بنانے کیلئے سال میں کم از کم ایک بار سلنڈر، پائپنگ، CNG کِٹ اور تمام پرزوں / لیکج ٹیسٹنگ اور کارکردگی کو CNG اسٹیشنز پر دستیاب تربیت یافتہ عملے سے ضرور معائنہ کرائیں۔

j) گاڑی میں گیس بھرنے کے عمل کے دوران سگریٹ نوشی سے پرہیز کریں۔

k) اس امر کو یقینی بنائیں کہ گاڑی میں نصب شدہ سلنڈر ٹیسٹ کی معینہ مدت یعنی 5 سال کے اندر ہے۔ سلنڈرز کی تصدیق کیلئے قریبی CNG اسٹیشن یا ہائیڈرو کاربن ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان (HDIP) کے قریبی دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

اگر سلنڈر کو ٹیسٹنگ کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل شہروں میں HDIP کی ٹیسٹنگ لیبارٹریز سے رابطہ کیا جاسکتا ہے

اسلام آباد:	فون: (051) 9257821-24	کراچی:	فون: (021) 35090834
لاہور:	فون: (042) 37416507	پشاور:	فون: (091) 9217415

(سرمد اسلم)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر (آپریشنز)

آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی

زیڈ ٹی ای بلڈنگ، پلاٹ نمبر-54-بی، فضل الحق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد فون: (051) 9221715-18 فیکس نمبر: (051) 2604924

marksman